(1)

الیکشن کمیشن آف پاکستان بذریعہ سیکرٹری الیکشن کمیشن، اسلام آباد

مضمون: اعتراض U/S 21 (3) Election Act 2017 Representation

برخلاف مجوزہ حلقہ بندی PK-28 اور PK-29 ضلع بٹگرام پیش کردہ یعقوب خان مورخہ 27-03-2018

## درخواست برائے بنائے جانے فریق اعتراض مذکور عنوان سائل بوجہ ضروری فریق۔

جناب عالی درخواست ذیل ہے:

1)۔ یہ کہ سائل PK-59 اور موجودہ PK-28 کا ووٹر اور سابقہ امیدوار برائے قومی اسمبلی حلقہ NA22 موجودہ NA12 ہے۔

2)۔ یہ کہ موجودہ حلقہ بندی 2018 کے مطابق PK-28 گردانا گیا ہے جبکہ متصل بٹگرام کا دوسرا حلقہ PK-29 گردانا گیا ہے۔

3)۔ یہ کہ سائل کے حلقہ سابقہ PK-59 کی آبادی مروجہ مردم شماری کے مطابق 2,96,198 افراد پر مشتمل ہے جبکہ حلقہ PK-60 کی آبادی مردم شماری کے مطابق 1,80,414 ہے۔

4)۔ یہ کہ حلقہ PK-59 12 عدد یونین کونسلز پر مشتمل تھا جبکہ PK-60 8 یونین کونسلز پر مشتمل تھا۔ اور یہ ترقیاتی فنڈ دونوں حلقوں کے لئے برابر اور یکساں ملتا تھا جو کہ سراسر ناانصافی تھی۔

5) یہ کہ الیکشن کمیشن کے رولز اور مسلمہ اصول وانصاف کے مطابق دو یونین کونسلز پائمال اور تھاکوٹ کو پرانے PK-60 اور موجودہ PK-28 میں شامل کر دیا تاکہ آبادی میں کسی حد تک بیلنس قائم ہو اور یہ دو مذکورہ یونین کونسلز PK-28 جو موجودہ حلقہ ہے کہ ساتھ ملحقہ ہے اور دونوں یونین کونسلز تھاکوٹ اور پائمال PK-28 روڈ کے ساتھ منسلک ہے۔ تھاکوٹ یونین کونسل سے دو پختہ سڑکیں PK-28 آلائی کو جاتی ہیں، جس کا خود اعتراض کنندہ نے اپنے اعتراض میں تسلیم کیا ہے۔ اور اسی طرح پائمال سے بھی تین سڑکیں آلائی کو جاتی ہیں۔ (1)۔ شامراد سے براستہ کارگاڑی آلائی PK-28 کو جاتی ہے (2)۔ پائمال سے براستہ کنائی آلائی کو سڑک جاتی ہے۔ (3) پائمال سے سوڑ گئی آلائی PK-28 کو جاتی ہے۔

مذکورہ سڑکوں کا ذکر نہ کرکے اعتراض کنندہ نے ایک اہم حقیقت کو چھپایا ہے اور جو سرٹیفیکیٹ CNW اور TMA کی طرف سے لگائے گئے ہیں وہ آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے کیونکہ TMA کے تو وجود ہی نہیں تھا جبکہ یہ روڈ KDB منتخب نمائندگان اور تنظیموں نے بنائی ہیں۔

6)۔یہ کہ بٹگرام ضلع کے لئے ایک قومی نشست اور دو صوبائی نشستیں مختص ہیں۔ تحصیل آلائی PK-28 اور تحصیل بٹگرام PK-29 کے ایک ہی لوگ ہیں جن کی ہر دو تحصیلوں میں رشتہ داری و قوم و جائیدادیں ہیں جو موروثی ہیں جن کی مزید تفصیل بعد از بننے فریق و بحث دی جائے گی۔

02/04/2018

7) یہ کہ جہاں تک پہاڑوں کا نقطہ ،اعتراض میں رکھا گیا ہے ضلع مانسہرہ سے آگے ضلع بٹگرام تک تمام ایریا پہاڑی ہے جس میں کشادہ اور پختہ سڑکیں نکالی ہوئی ہیں جن سے آسانی کے ساتھ تمام ایریا میں جایا جاسکتا ہے۔

8) یہ مجوزہ حلقہ بندیاں ضلع بٹگرام تحت دفعہ 20 کے رہنما اصولوں اور آبادی کے تناسب کو مد نظر رکھتے ہوئے درست طور پر پائمال شریف اور تھاکوٹ کو PK-28 الائی میں شامل کرکے ضلع بٹگرام ، پائمال شریف اور تھاکوٹ کے عوام کے بہتر مفاد میں ہیں درخواست کنندہ نے محض اپنی سہولت کے لئے غلط بیانی سے کام لیا ہے تاکہ دیگر تمام فریقین معہ سائل کو تنگ و پریشان کیا جائے۔ اور ناقابل تلافی نقصان پہنچایا جائے۔

9)۔یہ کہ مجوزہ حلقہ بندیاں ضلع بٹگرام آبادی کے تناسب کو قائم رکھتے ہوئے درست طور پر ملحقہ یونین کونسلز پائمال اور تھاکوٹ کو PK-28 آلائی میں شامل کرکے ضلع بٹگرام کے عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔

لہٰذا استدعا ہے کہ سائل کو ضروری فریق تصور کرکے فریق مقدمہ بنایا جاکر اعتراض Representation منجانب یعقوب خان میں باقاعدہ نوٹس برائے Hearing دیا جاوے اور اعتراض مذکورہ کو رد فرمایا جاکر PK-28 اور PK-29 کی مجوزہ حد بندیوں کو مستقل فرمایا جائے۔

منجانب عمران خان ولد شاد محمد خان قوم خان خیل ساکنہ تھاکوٹ (جوائینٹ سیکٹری پاکستان مسلم لیگ نواز)
شناختی کارڈ نمبر 13202-0738480-9
موبائل نمبر 0345 9554494- 0300 5117703
ووٹ نمبر: 531
شماریاتی بلاک کوڈ 020020205

Imran Khan
02-04-2018

Imran Khan
02-04-2018